tsurdu.blogspot.com



tsurdu.blogspot.com

دریچے

(شاعری)

itsurdu.blogspot.com

انور مسعود

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نسخہ

اک ڈاکٹر سے مشورہ لینے کو میں گیا
ناسازی مزاج کی کچھ ابتدا کے بعد

کرنے لگے وہ پھر مرا طبی معائنہ
اک وقفہ خموشی صبر آزما کے بعد

ضربات قلب و نبض کا جب کر چکے شمار
بولے وہ اپنے پیڈ پہ کچھ لکھ لکھا کے بعد

ہے آپ کو جو عارضہ وہ عارضی نہیں
سمجھا ہوں میں تفکر بے انتہا کے بعد

لکھا ہے ایک نسخہ اکسیر و بے بدل
دربار ایزدی میں شفا کی دعا کے بعد

لیجے نماز فجر سے پہلے یہ کیپسول
کھائیں یہ گولیاں بھی نماز عشا کے بعد

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

سیرپ کی ایک ڈوز بھی لیجے نہار منہ
پھر ٹیبلٹ یہ کھایئے پہلی غذا کے بعد

لینی ہے آپ کو یہ دوا اس دوا سے قبل
کھانی ہے آپ کو یہ دوا اس دوا کے بعد

ان سے خلل پذیر اگر ہو نظام ہضم
پھر تکسچر یہ پیجئے اس ابتلا کے بعد

لازم ہے پھر جناب یہ انجکشنوں کا کورس
اٹھیں نہ ہاتھ آپ کے اس دوا کے بعد

تجویز کر دیئے ہیں وٹامن بھی چند ایک
یہ بھی ضرور لیجئے ان ادویہ کے بعد

پھر چند روز کھائیں یہ ننھی سی ٹیبلٹ
کھجلی اٹھے بدن میں اگر اس دوا کے بعد

چھ ماہ تک دوائیں مسلسل یہ کھایئے
پھر یاد کیجئے گا حصول شفا کے بعد

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اک وہم تھا کہ دل میں مرے رینگنے لگا
ان کے بیان نسخہ صحت فزا کے بعد

کیسٹ کی دکان بنے گا شکم مرا
ترسیل ادویات کی اس انتہا کے بعد

میں نے کہا کہ آپ مجھے پھر ملیں گے کب
روز جزا سے قبل کہ روز جزا کے بعد

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

چلو گماں کی حد سے

چلو گماں کی حد سے گزر کے دیکھتے ہیں
کنویں میں کیا ہے کنویں میں اتر کے دیکھتے ہیں

وہ کہہ رہے ہیں اچھوتا سا کام کر دیکھو
سو چھے کو پانچ سے تفریق کر کے دیکھتے ہیں

اب ایسی فلم بھی شاید ہی کوئی ہو کہ جسے
اکٹھے بیٹھ کے افراد گھر کے دیکھتے ہیں

اب اس کے خال سے چلتے ہیں گیسوؤں کی طرف
سمٹ کے دیکھ لیا ہے بکھر کے دیکھتے ہیں

فلک پہ جتنے ملک ہیں وہ اپنے چینل پر
شبانہ روز تماشے بشر کے دیکھتے ہیں

اب اور کیا سر بازار دیکھنا انور
کسی دکان پہ چشمے نظر کے دیکھتے ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دو شعر

آپ کی وگ بھی یہاں رہ گئی بتیسی بھی
اپنا سامان کسی روز اٹھا لے جاؤ

بزم میں بیٹھ کے مت دانت نکالو انور
یوں نہ ہو دانت کے مانند نکالے جاؤ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تکلف برطرف

سود در سود دے کے روؤ گے
یہ مصیبت نظر نہیں آتی
قرض پر قرض لے کے ہنستے ہو
شرم تم کو مگر نہیں آتی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

فرہنگ نو

ع کو اور غ کو پڑھتے ہیں جیسے عین غین
بالکل ایسے ف کو بھی اب فین کہنا چاہیے
اب نئے معنی عطا کیجیے پرانے لفظ کو
اب تو عینک کو بھی نصب العین کہنا چاہیے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اعلائے کلمۃ الحق

بات ہے انصاف کی اور ہم کہیں گے بار بار
چاہے امریکہ بہادر کو بہت مندی لگے
جس نے ایٹم بم گرائے کشور جاپان پر
کیوں نہ آخر سب سے پہلے اس پہ پابندی لگے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بڑا خفش

صرف منصوبے بنانے کے لیے
میں بہت مشہور اور مقبول ہوں
کالا کالا باغ باغ اور ڈیم ڈیم
میں اسی گردان میں مشغول ہوں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ظرافت ماب

ایک شاعر ہیں فلاں ابن فلاں
اک ذرا سا بھی جنہیں احساس رسوائی نہیں
جب کبھی میں نے سنا ان کا ظریفانہ کلام
شرم تو آئی بہت لیکن ہنسی آئی نہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایک صائب رائے

عیب دار ہونے سے یہ بھی بچ گیا ہوتا
ماہرین اس کو بھی گر یہی دوا دیتے
اس قدر نہ لنگڑاتا یہ نظام جمہوری
پولیو کے قطرے کچھ اس کو بھی پلا دیتے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

گرہ

کل بزرگ ایک یوں ہوئے گویا
کھایا جاتا نہیں ہے بوڑھوں سے
میں نے فوراً لگا دیا مصرع
کیا چبائے کوئی مسوڑھوں سے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

طبی مشورہ

ایسی بھی کیا پڑی ہے کہ چمچ ہلایئے
اس کارِ بے فضول سے خود کو بچائیے
چائے ضرور پیجیے لیکن جناب من
چینی کے کپ میں اور نہ چینی ملایئے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

برسات کے موسم

برسات کا موسم آیا ہے
اور گرمی دانے لایا ہے

تو آم برابر کھاتا جا
ہاں کھاتا جا کھجلاتا جا

جب کیچڑ سے ٹکراتا ہے
انسان پھسل ہی جاتا ہے

بل کھاتا اور لنگڑاتا جا
لنگڑاتا جا لہراتا جا

تری ناک پہ جو منڈلاتی ہے
جو مکھی تجھے ستاتی ہے

اس مکھی کو تھپڑاتا جا
تھپڑاتا ہاتھ ہلاتا جا

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اب حبس بھی ہے اور بادل بھی
اب کھاٹ بھی ہے کھٹمل بھی

اب نیند میں بھی چلاتا جا
چلاتا شور مچاتا جا

کچھ مچھر چائے پانی میں
اور باقی مچھر دانی میں

اس صورت سے گھبراتا جا
گھبراتا اور نبھاتا جا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

قاعدہ بیمار پڑنے کا

قاعدہ بیمار پڑنے کا مری جاں مجھ سے پوچھ
قاعدہ یہ ہے کہ تو باقاعدہ اخبار پڑھ

اپنی جمہوری ترقی کا قصیدہ پڑھ ضرور
لیکن اس کے بعد باقی عمر استغفار پڑھ

تو بھری دنیا میں تنہا ہو گیا نا اے عزیز
ہم نہ کہتے تھے کہ اتنا بھی نہ برخوردار پڑھ

دیکھ سب کے قہقہے اشکوں میں ہیں بھیگے ہوئے
دیکھ انور بزم میں ایسے نہ تو اشعار پڑھ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نام زنگی کافور

حالات کے رفتار سے ہم بھانپ گئے تھے
اب کونسی دستار پہ یہ پھول کھلے گا
جو سب سے بڑا امن کا ایوارڈ ہے انور
معلوم تھا اب کے کسی کوفی کو ملے گا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ماہرانکم ٹیکس

واؤچر جو بنانے ہیں بنانے کے لیے آ
انکم جو چھپانی ہے چھپانے کے لیے آ
میری بھی کمائی سے کمانے کے لیے آ
آ پھر سے مرا ٹیکس بچانے کے لیے آ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

شاگردِ رشید

کیسی یہ غزل آپ نے بھیجی ہے کہ جس پہ
ہنس بھی نہیں سکتا ہوں جو میں رو نہیں سکتا
یوں بحر سے خارج ہے کہ خشکی پہ پڑی ہے
شعروں میں وہ سکتہ ہے کہ کچھ ہو نہیں سکتا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بامشقت

مشقت ہی کچھ ایسی تھی کہ اس کو
پسینے پہ پسینہ آ رہا تھا
عجب منظر تھا اک ہوٹل میں گورا
چھری کانٹے سے پاپڑ کھا رہا تھا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دودھ کا دودھ پانی کا پانی

ہے گوالا بڑا دیانت مند
اس نے پانی کبھی نہیں ڈالا
ویسے گاہک سے پوچھ لیتا ہے
پندرہ میں یا کہ دس والا

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

حکومت ترکیہ کے لیے دعا

ہیں جس کے من میں لندن و پیرس بسے ہوئے
کے سے اس کے دل کی فضا کو قریب کر
یورپ کی یونین سے ہیں جس کو عقیدتیں
اسلام سے بھی اس کو محبت نصیب کر

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

خود کردہ را

یہی ہے فون کرنے کا نتیجہ
مسلسل ایک موسیقی سنی ہے
جواب آتا نہیں کوئی ادھر سے
کوئی دھن سی برابر بج رہی ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

لب پہ آتی ہے

دعا کرتا تھا کوئی تانگے والا
خدا کی بارگہ میں گڑگڑا کر
مجھے گھوڑا اگر بخشا ہے تو نے
تو سیبوں کا مربہ بھی عطا کر

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ہوگئی ہے

حمیت ہو چکی ہے دل سے رخصت
حیا سے آنکھ خالی ہو گئی ہے
بھلی قدریں بھلا بیٹھے ہیں بھیا
ہمیں روشن خیالی ہو گئی ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بلکہ

کیونکر میں کہوں آفت جاں حسن بتاں کو
یہ چیز غم دہر سے ریلیف ہے بلکہ

چہرے کو یہ دو حصوں میں کر دیتی ہے تقسیم
یہ ناک نہیں ہے خط تنصیف ہے بلکہ

خوش میری ترقی پہ نہیں ہیں مرے احباب
انور انہیں اس بات کی تکلیف ہے بلکہ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

حال دل ہم جو

حال دم ہم جو کبھی ان کو سنانے لگ جائیں
کیا کیا جائے کہ چھینکیں انہیں آنے لگ جائیں

ان کا اسلوب پذیرائی نہ پوچھو ہم سے
کوئی مہمان جو آئے تو نہانے لگ جائیں

میری خاموشی پہ بھی لوگ بنائیں باتیں
حرف ساکن پہ بھی اعراب لگانے لگ جائیں

اس کی بیلوں کو اگر ہاتھ ترے چھو جائیں
پھر کریلے کو بھی انگور کے دانے لگ جائیں

ہیں وہیں لوگ شناسائے رموز نغمہ
بزم موسیقی میں جو سر کو ہلانے لگ جائیں

چونکہ استاد کے مصرعے ہیں نہایت مریل
اس کے شاگرد نہ کیوں ان کو اٹھانے لگ جائیں

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دوستو حضرت انور کا کوئی ٹھیک نہیں
دل میں روتے ہیں لوگوں کو ہنسانے لگ جائیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دسترخوان

کچھ کمی لگتی تھی دسترخوان پہ
جب یہ ڈش پہنچی مکمل ہو گیا
بڑھ گیا کچھ اور بھی لطف طعام
دال سے کھانا مدلل ہو گیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایک مشاعرہ میں

ابھی اپنی غزل پڑھ کر گئے ہیں حضرت انور
ردیف و قافیہ یہ تھا پشیمانی سے مر جاتے
انہیں وقت بڑی در پیش تھی مرنے کے بارے میں
وہ کرتے عقد ثانی اور آسانی سے مر جاتے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

رازدارانہ

کبھی ہو گیا میسر نہ ہوا کبھی میسر
سرِ عام کیا کہوں میں کہ یہ راز کی ہیں باتیں
کبھی میں نے کش لگایا کبھی کش نہیں لگایا
اس کشمکش میں گذریں مری زندگی کی راتیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بڑبولا

الیکشن میں مرا مد مقابل
کچھ ایسی بے یقینی سے کھڑا ہے
کہ سوتے میں بھی بول اٹھتا ہے اکثر
مرا جلسہ مرا جلسہ بڑا ہے

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مشورہ

یہی تو اس کا اصلی ذائقہ ہے
کریلے سے نہ کڑواہٹ نکالو
اگر تلخی نہیں اس کی گوارا
مری مانو شکر قندی پکا لو

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بخیر گذشت

بخیہ تو اس سے ایک بھی سیدھا نہیں لگا
آڑا لگا دیا کوئی ترچھا لگا دیا
ٹیلر کی بدحواسیاں مجھ سے نہ پوچھئے
اس نے مری قمیض میں نیفہ لگا دیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مشاعرہ اسٹیل مل کراچی

اللہ اللہ آج یہ اسٹیل مل کا اہتمام
ہو رہے ہیں صاحبان ذوق جس سے مستفید
آج لوہے سے ہی انور تول وزن شعر کو
الحدید الحدید الحدید الحدید

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

خارجہ پالیسی

امریکہ سے جو روشنی آتی رہی پیہم
ہم اس پہ دل و جان سے فدا ہوتے رہے ہیں
کیا اس میں کوئی شک ہے کہ ایوب سے اب تک
ہم لوگ مشرف بہ ضیا ہوتے رہے ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اردو دان

کہا اس نے اردو مجھے آ گئی ہے
بہت ٹھیک جملے بنائے ہیں میں نے
مجھے ایک پانی کا لقمہ پلا دو
پلاؤ کے دو گھونٹ کھائے ہیں میں نے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایران میں پاکستانی

اسے اس وقت فوری طور پر درکار تھا دھاگا
محلے کی دکاں تک اس غرض کے واسطے بھاگا

دکاں والے نے پوچھا آپ کو کیا چاہیے بھائی
طلب کس چیز کی میری دکاں پر آپ کو لائی

کہا آقا مجھے درپیش اک کار مرمت ہے
اور اس کے واسطے رشتے کی ہنگامی ضرورت ہے

اس کی کھوج میں نکلا ہوں آقا آج میں گھر سے
اگر موجود ہے رشتہ اٹھا لاؤ ذرا اندر سے

دکان والا بہت جلد اس کی فرمائش بجا لایا
اٹھا اور اک سویوں سے بھرا پیکٹ اٹھا لایا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

پوچھتا مجھ سے بھی

پوچھتا مجھ سے بھی مرا افسر بابا
فائلیں کتنی ہوئیں داخل دفتر بابا

بات اندر کی قلندر نے بتائی ہے مجھے
ہیں ابھی لوگ بہت جیل سے باہر بابا

اگلے وقتوں کے یہ ناقد ہیں انہیں کچھ نہ کہو
تبصرہ لکھتے ہیں تحریر کو پڑھ کر بابا

مبتدی اب لیے پھرتے ہیں ہزاروں نشتر
میر کے پاس تو تھے صرف بہتر بابا

تو ذرا سوچ کہ عینک وہ کہاں سے ملتی
تو جسے بھول گیا ناک پہ رکھ کر بابا

کوئی ہو جائے مسلمان تو ڈر لگتا ہے
مولوی پھر نہ بنا دے اسے کافر بابا

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دور ایسا ہے کہ اس دور میں کھل سکتا ہے
پھول گوبھی کا سر شاخ صنوبر بابا

اس کے لہجے میں جلیبی سی جو شیرینی ہے
مجھ کو لگتا ہے کوئی اس میں بھی چکر بابا

اس کی تقریر کے دوران میں حسرت ہی رہی
کاش ہوتے مرے تھیلے میں ٹماٹر بابا

کوئی لوگوں کو یہ سمجھائے کہ بیمار نہ ہوں
ہسپتالوں میں زیادہ نہیں بستر بابا

وقت نے ہم کو بھی تہذیب سکھا دی انور
چلتے پھرتے ہوئے کھا لیتے ہیں برگر بابا

◆◆◆

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

لحاظ

بے وجہ نہیں ہے یہ مرا نرم رویہ
کچھ صورت حالات کا ہوتا ہے تقاضا
میرا ہے رقیب اور ترا فرسٹ کزن ہے
کرنا ہی پڑا مجھ کو لحاظ اس کا لہذا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نند پیوند

سنا جب یہ میں نے کہ رضیہ کی نند
رقیہ کے گروے سے ہے بہرہ مند
مجھے شیخ سعدی بہت یاد آئے
بنی آدم اعضائے یک دیگرند

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

قومی انتخابات

بات	جب	ہو	چکی	ہے	انہونی
تب	کہیں	ہم	نے	اعتبار	کیا
کیا	کبھی	آپ	نے	سنا	پہلے
شیر	نے	تیر	کو	شکار	کیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مفکرِ اعظم

سوچوں کے تسلسل نے مجھے گھیر لیا ہے
اور مسئلہ ہر بار نیا سوچ رہا ہوں
انور مجھے اس وقت عجب سوچ ہے درپیش
میں سوچ رہا ہوں کہ میں کیا سوچ رہا ہوں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

انکل سام

قابل نفرت ہے کیوں وہ ساری دنیا کے لیے
ایک لمحے کے لیے بھی اس نے یہ سوچا نہیں
وہ زمانے بھر کو دہشت گرد کہتا ہے مگر
کوئی دہشت گرد اس کی گرد کو پہنچا نہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نذر مجید امجد

اس نے کہا کہ بول ترا مدعا ہے کیا
میں نے بھی اس سے بات بہت صاف صاف کی
میں نے کہا کہ دیکھ یہ میری بیاض دل
ہے کب سے منتظر ترے آٹو گراف کی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ضرورت ایجاد کی ماں

اک پولس والے نے کل مجھ سے کہا
کچھ تو اظہار سخاوت کیجیے
چونکہ عیدی مانگنا ممنوع ہے
مجھ کو فطرانہ عنایت کیجیے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

کلچر

خدا اہل ثقافت سے بچائے
کہ باتیں وہ نرالی کہہ رہے ہیں
جسے میں کہہ رہا ہوں بے حیائی
اسے روشن خیالی کہہ رہے ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

سزاوار

کیسے عجب سوال مجھے پوچھتے ہیں آپ
لوگو میں کون شخص ہوں کیا چاہیے مجھے
میں کاوشِ دفاعِ وطن کا ہوں مرتکب
میں ہوں قدیر خان سزا چاہیے مجھے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایک یادگار محفل

یاد آئی ایک دعوت ایک سبزہ زار میں
چل پڑا پھر قافلہ مضمون در مضمون کا

تھا سخی بٹ کی طرف سے اہتمام خورد و نوش
اک سویٹر بھی پہن رکھا تھا اس نے اون کا

مرغ ٹینڈے اور کریلے اور پلاؤ اور مٹن
تھوک پکوائے تھے اس نے ذکر کیا پرچون کا

ہم نے سلسل القول سے فارغ نہ دیکھا میزباں
سلسلہ تھمتا نہیں تھا اس کے ٹیلیفون کا

تھا ثناء اللہ اس پر برہم و نوحہ کناں
حشر برپا ہے کراچی میں جو کشت و خون کا

اپنے لیڈر کا کیا صدیق بٹ نے تذکرہ
اور اس کی حالیہ تقریر کے مضمون کا

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

چوہدری صاحب نے پھر سو بات کی اک بات کی
جیسے موتی ہو کسی گنجینہ مکنون کا

اک دیانتدار ڈکٹیٹر ہمیں درکار ہے
ہے یہی درماں ہماری حالت محزون کا

متفق سب تھے کہ دشمن یہ وڈیرا ہی تو ہے
آشتی کا امن کا انصاف کا قانون کا

ٹھٹھرے ٹھٹھرے لگ رہے تھے ڈاکٹر انور نسیم
اور نظارہ کر رہے تھے آسماں پر مون کا

اس شب گرما کا موسم تھا کچھ ایسا جس طرح
جنوری کی مارننگ کا ایوننگ کا نون کا

یخ زدہ ماحول میں ہم پر تو کچھ کھلتا نہ تھا
یہ مری کا ہے علاقہ یا کہ ڈیرہ دون کا

میری ٹانگوں کا وہ سردی سے بچا سکتی نہ تھی
اتنا پتلا حال تھا یارو مری پتلون کا

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

کانپ اٹھتا اور قیامت تک مسلسل کانپتا
قیس آ کر دیکھتا گر حال مجھ مجنوں کا

تھے برودت سے بدن سکڑے ہوئے اکڑے ہوئے
تیل مالش کے لیے درکار تھا زیتون کا

توبہ توبہ اس چمن کی وہ فضائے زمہریر
فلسفہ بھی منجمد ہو جائے افلاطون کا

گرمیوں میں اتنا ٹھنڈا لان ملنے کا نہیں
گوشہ گوشہ دیکھ لو دنیائے کاف و نون کا

کوئی مانے یا نہ مانے ہے امر واقعہ
سخت سردی پڑ رہی تھی تھا مہینہ جون کا

دیکھ انور یار ہے اپنا سخی بٹ چھوڑ دے
قافیہ صابون کا معجون کا افیون کا

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

عزیزو آج کی محفل کا

عزیزو آج کی محفل کا میں صدر گرامی ہوں
جہاں بھی بیٹھنا چاہوں گا بن جائیگی تھاں میری

ستم کے ڈھول بجتے ہیں اور اتنا شور کرتے ہیں
کسی کے کان پڑتی ہے نہ چیں میری نہ چاں میری

ہمارا کھیت سانجھا ہے مگر تقسیم ہے ایسی
کہ سارے مونگرے تیرے ہیں ساری مولیاں میری

بہیرے سے کوئی بھی رابطہ ممکن نہیں انور
نہ میں کوے کی سنتا ہوں نہ کچھ سنتا ہے کاں میری

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نیا قاعدہ

یوں پڑھو بچو الف آلودگی
غین سے غوغا دھماکے دال سے
جیم سے جرم اور ملاوٹ میم سے
قاف سے قتل اور ڈاکے ڈال سے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

سام اور صدام

کسی میں جرات ہے کہ پوچھے ہم سے حملے کا جواز
بس مفاد اپنا ہمیں منظور ہے اس کھیل میں
کتنے پانی میں ہے کوئی یہ نہیں ہم دیکھتے
دیکھتے ہیں صرف یہ ہے کون کتنے تیل میں

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مروت

روا داری ہم نے نبھائی ہے ایسی
زباں تک نہ آئی یہ بات آتے آتے
ہم اتنا بھی مہماں سے کہہ نہ پائے
بڑی دیر کی مہرباں جاتے جاتے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

آج کی تازہ خبر

آپ اگر اس کی کرنسی میں ہی دیں اس کو جواب
وہ اٹھا کر بھاگ جائے اپنا بستر بوریا
آپ تک پہنچی یہ آنکھیں کھولنے والی خبر
کیسے امریکہ سے پیش آیا شماری کوریا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تازہ بہ غازہ

رخ زیبا پلستر در پلستر
عجب کوہان سا باندھا ہے سر سے
ٹھٹھک کر رہ گئی ہے والدہ بھی
دلہن آئی ہے بیوٹی پارلر سے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دو شعر

یاد ہیں وہ دن بھی ہم کو دوستو جب گوشت کو
صاف کرتا تھا قصائی تولنے سے پیشتر
منہ کھلا جس وقت اس کا کھل گیا سارا بھرم
کیا مدبر لگ رہا تھا بولنے سے پیشتر

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دوٹوک

جو بھی ہم کو ڈرائے گا انور
ہمیں اس سے ضرور ڈرنا ہے
کتنی سادہ ہے پالسی اپنی
ہر دباؤ قبول کرنا ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

وہ اور ہم

ہم وک اندازہ نہیں ہے اس کا
وہ بدلتا ہے لبادے کتنے
کتنی باریک ہیں چالیں اس کی
اور ہم لوگ ہیں سادے کتنے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ذکر اس کا کبھی ہم نے مناسب نہیں جانا

حاصل ہیں بہت سی ہمیں زرخیز زمینیں
باہر سے منگائی ہیں زراعت کی مشینیں
ہر سال نئی کار خریدی تو ہمیں نے
بھاتا نہیں ماڈل ہمیں گاڑی کا پرانا
ذکر اس کا کبھی ہم نے مناسب نہیں جانا

باغات میں اپنے کئی اشجار لگے ہیں
اشجار میں اثمار طرحدار لگے ہیں
منڈی میں کریٹوں کے جو انبار لگے ہیں
ہے اپنے ثمر دار درختوں کا خزانہ
ذکر اس کا کبھی ہم نے مناسب نہیں جانا
ہر رنگ کا ہے مال ضروری بھی میسر
بھینسیں ہمیں کالی بھی ہیں بھوری بھی میسر
گھی اور شکر اور ہے چوری بھی میسر
پلتا ہے انہی دیسی غذاؤں پہ گھرانا
ذکر اس کا کبھی ہم نے مناسب نہیں جانا
پنکھے کی ہر اک خرد وکلاں ذات ہے گھر میں
ہر قسم کی صنعت کی ہے گجرات ہے گھر میں

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

باڑے کی ہر اک چیز کی بہتات ہے گھر میں
گھر میں ہے ہر اک طرح کی سوغات زمانہ
ذکر اس کا کبھی ہم نے مناسب نہیں جانا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

میرے پانی میں ملا

میرے پانی میں ملا اور ذرا سا پانی
میری عادت ہے کہ پیتا ہوں میں پتلا پانی

اللہ اللہ صفائی سے وہ رغبت اس کی
اس نے حقے کا کئی سال نہ بدلا پانی

مجھ کو شوگر بھی ہے اور پاس شریعت بھی ہے
میری قسمت میں نہ میٹھا ہے نہ کڑوا پانی

چائے ہی چائے بدن میں ہے لہو کے بدلے
دوڑتا اب ہے رگوں میں یہی تتا پانی

میں نے اک فلسفی اس فکر میں ڈوبا دیکھا
ہوتا کس طرح کا گیلا جو نہ ہوتا پانی

کس قرینے سے گلی آپ نے کی ہے تعمیر
گھس گیا سارے مکانوں میں گلی کا پانی

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اتنی اچھی بھی نہیں اتنی سماجی تنقید

بند ہو جائے نہ انور ترا حقّہ پانی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تین شعر

ووٹوں کی بھیک مانگنا اس کا نصیب تھا
اک بادشہ تھا اور بہت ہی غریب تھا

اپنوں سے فطرتاً تھا بعید البعید وہ
غیروں سے خصلتاً وہ قریب القریب تھا

بیمار کو کچھ اور بھی بیمار کر گیا
طے ہو گیا کہ وہ کوئی حاذق طبیب تھا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ریفرنڈم 2002

اس پر تو صرف ساٹھ منٹ ہی بڑھے جناب
اپنے بھی پاس ہوتی کوئی ٹاپ کی گھڑی
حضرت مری طرف سے مبارک ہو آپ کو
آگے بڑھی ہے پانچ برس آپ کی گھڑی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نو نقد نہ تیرہ ادھار

اس عید پہ قربان کیا میں نے جو دنبہ
اس نیک عمل کا مرے مولا مجھے پھل دے
یارب میں نہیں اور کسی چیز کا طالب
جتنا بھی ثواب اس کا ہے ڈالر میں بدل دے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

صاف صاف

ویزے کی معرفت سے ہو زوجہ جسے نصیب
واللہ اس مزاج کا شوہر نہیں ہوں میں
انور مرا حساب ذرا مختلف سا ہے
یو کے میں آ گیا ہوں منگیتر نہیں ہوں میں

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مشورہ

جو کہتے ہیں کہ مہنگے ہو گئے ہیں
مٹن اور دال اور آٹا وغیرہ
ذرا ان کے مشاغل بھی تو دیکھو
چٹکلیں ڈور بو کاٹا وغیرہ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

روایتی انصاف

پیش ہوئے جب دونوں ملزم
یوسف رمزی ایمل کانسی
جھٹ پٹ جھٹ پٹ منصف بولا
یوسف قید اور ایمل پھانسی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مشورہ

اتنا میلا تونہیں ہے تیرا چہرہ جان من
یہ ضروری ہے کہ اپنے ساتھ کچھ انصاف کر
میں تجھے اک مشورہ دیتا ہوں اس کو مان لے
آئینہ تو صاف ہے عینک کے شیشے صاف کر

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

پنجے سے انگلیوں تک

چھوڑیے دشمن سے پنجہ آزمائی کا خیال
تازہ تر ترکیب نصرت آزماتے جایئے
کار زار دہر میں کافی ہے تھوڑا سا عمل
انگلیوں سے وکٹری کی وی بناتے جایئے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نرالی معیشت

یہ حالت ہو گئی خلق خدا کی
کہ مہنگائی کے ہاتھوں مر رہی ہے
نرالی ہے معیشت بھی ہماری
کہ یہ پھر بھی ترقی کر رہی ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

گلی میں

کتے کو جب آتے دیکھا
بچہ اتنی زور سے چیخا
کتا الٹے پاؤں بھاگا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

مذاکرات کی کوشش تو

مذاکرات کی کوشش تو بارور نہ ہوئی
مگر یہ ہے کہ زیادہ اگر مگر نہ ہوئی

مرا ہوا تھا بہت اس کی آنکھ کا پانی
کہ اس نے پیاز بھی کاٹی تو آنکھ تر نہ ہوئی

ہمارے عہد میں سمٹے ہیں فاصلے کیا کیا
درازی شب ہجراں ہی مختصر نہ ہوئی

ہزار شکر کہ ہم پر جناب واعظ کی
وہ کونسی ہے نصیحت جو بے اثر نہ ہوئی

خبر ہوئی ہے ہمیں بھی تو صرف اتنی سی
ڈکیتیوں کی پولس کو کچھ خبر نہ ہوئی

رقیب جمع نہ ہوں جب تو کیا مزہ انور
وہ کیسی بزم ہے جس میں کھسر پھسر نہ ہوئی

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

رشتۂ رعشہ

یہ فقط اک رسم بیہودہ کا منظر ہی نہیں
یہ ہے وہ تصویر جس میں عبرت آموزی بھی ہے
اک بزرگ ناتواں ہیں بام پر جلوہ فروز
ہاتھ میں رعشہ بھی ہے اور ڈور کی چرخی بھی ہے

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

کاسہ لیس

حاصل ہے بہر طور یہ توفیق سبھی کو
اس ضمن میں مخصوص نہیں نام کسی کا
فردا کا صحافی بھی یہی بات لکھے گا
دورہ کوئی ہوتا نہیں ناکام کسی کا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

عید قرباں کا پہلا دن

آج ممکن ہی نہیں ہے بھائی
کوئی قصاب اِدھر سے گزرے
ہم خدا جانے کہاں راہ تکیں
وہ خدا جانے کدھر سے گزرے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تب اور اب

کس نے کہاں کہاں پہ ہمارے خلاف کب
کیا کیا معاندانہ روش اختیار کی
وہ دن گئے کہ میر جی یہ جانتے نہ تھے
اب ہم کو سب خبر ہے سمندر کے پار کی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اے بسا آرزو

ہزار حیف کہ بجلی چلی گئی ورنہ
جو ہے رواج وہی ہم بھی ہو بہو کرتے
لگا کے ٹیلیویژن پورے والیوم کے ساتھ
یہ آرزو تھی کہ مہماں سے گفتگو کرتے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایک خبر پر تبصرہ

پاؤں پھیلانا اگرچہ بات اچھی ہے مگر
کچھ خیال وسعت چادر بھی ہونا چاہیے
عدل کو پہنچائیں گے وہ مدعی کے گھر تلک
اس کا مطلب ہے کہ اس کا گھر بھی ہونا چاہیے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ترقی معکوس

پھر انسولین کے ٹیکے پہ پہنچا
جب اک ٹیکہ سے اس نے ابتدا کی
نہ پوچھو حالت بیمار شوگر
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

کفر نہ باشد

کوئی سنگر جس طرح اپنا ہلاتا ہے بدن
آپ بھی اپنا بدن ویسے ہلاتے جایئے
قوم کو کیسا تھرکتا مشغلہ سونپا گیا
گیت گاتے جایئے تالی بجاتے بجایئے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

حقیقتِ حال

معیشت ہماری ترقی کناں ہے
گماں ہی گماں ہے ہے گماں ہی گماں ہے
کہاں کوئی صنعت ہمارے یہاں ہے
دھواں ہی دھواں ہے دھواں ہی دھواں ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بیمارستان میں

دوست آئے گل بکف بیمار پرسی کے لیے
میرا کمرہ روکش رنگ بہاراں ہو گیا

مجھ سے نرسوں نے لیے ہیں پے بہ آٹو گراف
کچھ تو میرے درد دل کا یوں بھی درماں ہو گیا

وہ کھلا مجھ سے ذرا سا پھر کھلا کچھ اور بھی
پہلے میں حیراں ہوا پھر وہ حیراں ہو گیا

کچھ عیادت مند مجھ کو ایسے نسخے دے گئے
لیٹے لیٹے میں تو جالینوس دوراں ہو گیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

برپا کئے وہ دور

برپا کئے وہ دور زماں نے تغیرات
گاڑی نئی تھی جس کا کھٹارا بنا دیا

چھوڑا نہیں کسی کو بھی یلغار وقت
آخر کھجور کو بھی چھوہارا بنا دیا

تحسیں بھی اس نے حسن بتاں پر دیا ہمیں
گائیڈ جناب دل کو ہمارا بنا دیا

شیرینی مزاج میں اس کو لپیٹ کر
انور نے طنز کو بھی گوارا بنا دیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ندرت ایجاد

اہل ہنر کی ندرت ایجاد کیا کہیں
آئی انہیں ترنگ تو کیا کیا بنا دیا
اللہ رے یہ ہوشربا قیمتی سفوف
افیون کو بھی گوروں نے گورا بنا دیا

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اللہ بچائے

جو ناروا کی حمایت پہ ہو کمر بستہ
مجھے تو ایسی وکالت سے خوف آتا ہے
میں احمقوں کی حماقت سے تو نہیں ڈرتا
پڑھے لکھوں کی جہالت سے خوف آتا ہے

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

لازم وملزوم

کچھ نہیں فصل بہاراں پھول کھلنے کے بغیر
عید کا کیا لطف یارو عید ملنے کے بغیر
گیت گانے کا عمل ہو یا کہ آٹا گوندھنا
کام یہ دونوں ہی ناممکن ہیں ہلنے کے بغیر

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تیرہ و تیرہ

وتیرہ ہے ہمارے تاجروں کا
بجٹ سے قبل زخموں میں اضافہ
وہ یوں بیچیں گے بدبودار چیزیں
کہ جیسے بیچتے ہوں مشک نافہ

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

دو شعر

ہر برائی کا جواز اب تو یہی ٹھہرا ہے
کیا حرج اس میں ہے یہ کام تو سب کرتے ہیں

ہائے کیا دور ہے یہ دور بھی انور صاحب
آئینے سنگ سے انصاف طلب کرتے ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ذاتیات

وہ چکھ سکتی نہیں ہے ایک ماشہ بھی سموسے کا
میں کھا سکتا نہیں رتی برابر بھی شکر قندی
ترے آزاد بندوں میں مری زوجہ نہ میں مولا
نمک کی اس کو پابندی مجھے میٹھے کی پابندی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

صلح جو

ہر چند اختلاف کے پہلو بہت سے ہیں
دل ہے کہ اختلاف کی باتوں سے دور ہے
تم جانتے ہو کوئی ہمارا نہیں قصور
ہم پھر بھی مانتے ہیں ہمارا قصور ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

زنانے ڈاکخانے

گئے وہ دن کہ جب یہ سوچتے تھے
نہیں ہے عورتوں کا کھیل سروس
سنا ہے میل کی پسلی سے بھی اب
نکل آئی ہے اک فیمیل سروس

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

طبع انور پہ کیف

طبع انور پہ کیف طاری ہے
مائل واقعہ نگاری ہے
اللہ اللہ اس ولایت میں
میر صاحب کا ذکر جاری ہے
شاعری ان کی پوچھتے کیا ہو
ریختے کی طلسم کاری ہے
ایسی بھرپور نثریت سے
فارسی شاعری بھی عاری ہے
مستند ہے جو ان کے فرمایا
اور مسلم ہنر شعاری ہے
ناقدین کرام بھی برحق
ان کی جو تجزیہ نگاری ہے
ہم تو شیدائے میر ہیں ہم کو
ان کی دیوانگی بھی پیاری ہے
جشن جون ایلیا ٹورنٹو میں
ایک تقریب یادگاری ہے
ایسا لگتا ہے اس کے دل پر بھی
زخم ہے اور زخم کاری ہے

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

ایک اندوہ رائیگانی ہے
ایک افسردگی سی طاری ہے

اک لہو کی ہے دھار لہجے میں
اس کا جو شعر ہے کٹاری ہے

کرب حالات حاضرہ توبہ
بیقراری سی بیقراری ہے

وجہ افزودگی رنج و محن
خوف آشوب تابکاری ہے

جانے روئے زمین پر کب تک
خنجروں کی اجارہ داری ہے

سارے دردان شہر کی اب تو
ہر سگ پاسباں سے یاری ہے

کاسہ چشم ایک مدت سے
خواب راحت کا اک بھکاری ہے

خیر یہ بات چھوڑیے صاحب
رات گزری ہے یا گزاری ہے

اک تری آرزو سے زندہ ہیں
ورنہ کیا زندگی ہماری ہے

ایک مصرعہ ترے تبسم کا
میرے دیوان غم پہ بھاری ہے

شعر تمکین جس کو کہتے ہیں

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اب اسی ذائقے کی باری ہے
بل دیے اور زندگی میں نے
بلبلاتے ہوئے گزاری ہے
بند گو بھی پہ غور کرتا ہوں
یہ بھی اک فعل اضطراری ہے
ایک پردے کے بعد پھر پردہ
پردہ داری ہی پردہ داری ہے
بس یہی سوچتا ہوں مسجد میں
میں نے جوتی کہاں اتاری ہے
شعرہ کہہ لو ابھی ہواؤں میں
حدت خوشگوار ساری ہے
جم نہ جائے خیال کی قلفی
آمد فصل برفباری ہے
تیرا رنگ مزاح بھی انور
ایک اسلوب آہ و زاری ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اس کا رتبہ دکان

اس کا رتبہ دکان میں کچھ ہے
جس کی مرتبان میں کچھ ہے

ہم کھڑے ہیں درخت چلتے ہیں
ایسا لگتا ہے پان میں کچھ ہے

شکل حسب مقام زیور کی
ناک میں کچھ ہے کان میں کچھ ہے

ڈاکٹر سے ہے لازمی پرہیز
جان ہے تو جہان میں کچھ ہے

نقل کرنے پہ جب ہے پابندی
فائدہ امتحان میں کچھ ہے

وہ جو اُلٹے ہوئے کھجور میں ہیں
مان لیں آسمان میں کچھ ہے

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

انورا دل کو کھینچتا جائے

تیرے طرز بیان میں کچھ ہے

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

تیاری

چھلک رہا ہے سودا شباب چہرے سے
ذرا سیاہی بھی گاڑھی لگا کے آئے ہیں
انہیں حسینوں کی اک بزم میں پہنچنا ہے
سو وہ خضاب کو داڑھی لگا کے آئے ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

پولس پنچایت

جھگڑا ہی مٹ گیا ہے بہ فیض مذاکرات
بولے گا کس لیے کوئی صلح و صفا کے بعد
تفتیش کی تو اب کوئی تشویش ہی نہیں
خاموش ہوگئی ہے پولس مک مکا کے بعد

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

نوشتۂ دیوار

حیلے بھی ایک سے ہیں یہود و ہنود کے
دیوار پر ہے اب یہ حقیقت لکھی ہوئی
کشمیر ہو کہ ارضِ فلسطیں ہو دوستو
دونوں طرف ہے باڑ برابر لگی ہوئی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com
tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

قومی انتخابات

ٹھیک ہے جیسا الیکشن ہو گیا ہے ٹھیک ہے
ہاں مگر تشویش لاحق ہے ذرا اس باب میں
مجھ کو لگتا ہے یہ خاصا غیر فطری فاصلہ
مولوی سرحد میں ہیں لوٹے مگر پنجاب میں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

چار شعر

وہ پیدا ہو گئے تھے قافلے میں
یہ الفاظ دگر زادِ سفر ہیں

بڑے مشہور ایڈوکیٹ ہیں وہ
وہ لاعلمی میں خاصے نامور ہیں

ہم اب ایسے پرندے بن چکے ہیں
کہ جن کی چونچ ہے نے بال و پر ہیں

یہ کیا اخبار میں چھاپا گیا ہے
کہ ہم اخبار پڑھ کر بے خبر ہیں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

آئی ہوئی

وہی تھا اس کے چہرے پر تکدر
تشنج کی گھٹا چھائی ہوئی تھی
ضروری بات پھر کرنی تھی اس سے
اسے پھر چھینک سی آئی ہوئی تھی

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

اک وہ بھی زمانہ تھا

جانچ سکتا ہوں لہو میں ہو جو مقدار شکر
سوچتا ہوں کیسے کیسے کام آتے ہیں مجھے
اک زمانہ تھا کہ بس اک اسپرو ہی یاد تھی
اب دواؤں کے بہت سے نام آتے ہیں مجھے

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com

بیکار مباش

ایسا نہ ہو کہ کوئی نتیجہ نکل پڑے
کس درجہ احتیاط کئے جا رہا ہوں میں
جن سے مذاکرات کا کچھ فائدہ نہیں
ان سے مذاکرات کئے جا رہا ہوں میں

◆◆◆

itsurdu.blogspot.com

tsurdu.blogspot.com